© rasailojaraid.com

جمعیت طلبا کے قیام ہی کا نتیجہ ہے ۔ اگر یہ جمعیت قائم نہ ہوتی تو گزشتہ چالیس بیالیس برسوں ہی میں مغربی تہذیب کی ساری نحوستیں ہمارا مقدر بن جاتیں۔

اب اسلامی جمعیت طالبات حلقۂ طالبات میں زیادہ سرگرمی سے کام کرنے اُٹھی ہیں۔ اس کتاب میں ان کی نو سالہ جدوجہد کا حال شرح و بسط سے بیان کیا گیا ہے۔ میرے نزدیک یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کی اشاعت زیادہ سے زیادہ ہونی چاہیے۔ ملک کے مخلوط تعلیمی نظام نے پاکستانی عورت کو جس مقام پر لا کھڑا کیا ہے وہ ہرگز قابلِ اطمینان نہیں۔ بے حجابی اور عادات و اطوار میں وہ کافر عورتوں سے بھی دو قدم آگے نظر آرہی ہیں۔ اور یہ بات ہمارے مستقبل کو تاریک بنا دینے والی ہے۔ اگر ہمیں ایک باعزت غیور اور مسلم قوم کی حیثیت سے زندہ رہنا ہے تو آخری چارہ کار یہی ہے کہ اسلام سے بہرحال وابستہ رہیں اور اسلامی جمعیت طالبات یہی کوشش کر رہی ہے۔

(سید نظر زیدی)

---

**برہمن کا بھیانک چہرہ** مصنف: ڈاکٹر چیٹرجی (بھارتی)۔ مترجم: پروفیسر آسی ضیائی

ناشر: مکتبہ فلاحِ انسانیت، اُردو بازار، لاہور۔ پتہ: ادارۂ علم و ادب پاکستان۔ ۲۹ - غازی علم دین شہید روڈ، لاہور۔ صفحات: ۲۲۔ رنگین ٹائیٹل۔ قیمت درج نہیں۔

بھارت کا ہندو معاشرہ صدیوں سے ذات پات کی تقسیم کا اسیر ہے اور ہندو کی اس تاریک خیالی نے لاکھوں نہیں کروڑوں انسانوں کو زندگی کے جائز حقوق سے محروم کیا اور بہت دُکھ دیے ہیں۔ توقع کی جاتی تھی کہ علومِ جدیدہ ہندو کو اس پستی سے اُبھاریں گے اور انسان برادری کا معزز رکن بنا دیں گے؛ لیکن ایسا نہیں ہوا، بلکہ آزادی حاصل کرنے کے بعد تو اس کا کردار تو پچھ اور بھیانک ہو گیا ہے۔ اس ملک میں مسلمانوں کا جو قتلِ عام جاری ہے وہ اس کا بیّن ثبوت ہے۔

اس کتابچے میں اسی بھیانک ذہن کو بے نقاب کیا گیا ہے اور اس کے مندرجات معتبر اس لیے ہیں کہ یہ ایک ہندو دانشور ڈاکٹر چیٹرجی (بھارتی) ایچ۔ ڈی اکی تصنیف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہے۔ انہوں نے "جاگ ہندو جاگ" کے نام سے یہ کتابچہ انگریزی میں لکھا تھا اور پروفیسر آسی ضیائی صاحب نے اسے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ میرا خیال ہے کہ فاضل مصنف اور محترم مترجم نے یہ ایک بہت مفید کام کیا ہے۔ اس کتابچے کے مطالعے سے اس ذہن کے تمام تاریک گوشے بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ آج کا ہندو بھارت اپنی تمام توانائیاں سمیٹ کر اور بھیانک عزائم منظم کر کے پاکستان کے سامنے آکھڑا ہوا ہے اور نہیں کہا جاسکتا کہ اس کی حماقت کل اس خطے کو کن حالات سے دوچار کر دے گی۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ سیکولرازم کے نقاب میں چھپا ہوا بھارت کا اصل چہرہ دیکھا جائے، بلکہ خود بھارت کے باسیوں کو بھی آئینہ دکھایا جائے اور ڈاکٹر پیٹر جی نے یہ کام بہت قابلیت سے کیا ہے۔

(سید نظر زیدی)

---

**بعثتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)** | مؤلف: جناب وسیم ڈار۔ ناشر: اساس پبلشرز، پوسٹ بکس نمبر ۱۱۵۸۰ کراچی ۴۸۰۰ ۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتابچہ میں مؤلف نے پارسیوں، بدھوں، ہندوؤں، عیسائیوں اور یہودیوں کی مقدس کتابوں کی وہ عبارتیں درج کی ہیں، جن میں رحمتِ دوعالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ مؤلف مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ایک نہایت مفید کام کیا ہے۔ اس مطالعے سے معلومات میں بیش بہا اضافہ ہوتا ہے۔

(سید نظر زیدی)

---

**مسئلہ شفاعت** | مؤلف: محمد نصیر قریشی الفاروقی۔ ناشر: نصیر و اولادہ، مکان ۹/۱ گلی نمبر ۲۴ - مسعود پارک، نئی آبادی ڈھولن وال، لاہور ۱۸۔ صفحات: ۱۴۴ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں عقیدۂ شفاعت کو کسی گروہی تعصب کے بغیر تفصیل سے بیان کیا

© rasailojaraid.com